PLEASE DO NOT REMOVE
CARDS OR SLIPS FROM THIS POCKET

UNIVERSITY OF TORONTO LIBRARY

PL Mahbub 'Alam, Munshi
123 Qavȧ'id-i Turki
M3

RARE

[redacted]

LIBRARY
UNIVERSITY OF TORONTO
NOV 26 1979

LIBRIS
CYRIL
STEN~
HOVSE
MVNDY
1942

قواعد ترکی

ترکی زبان کی صرف و نحو کے تمام ضروری قواعد اُردو مین
اِختصار کے ساتھ بیان کئے گئے ہین

S. J. Balkhi
2-4-06

مُرتبہ منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور

بار اول در سنہ ۱۹۰۴ عیسوی

بمطبع خادم التعلیم سٹیم پریس لاہور میں باہتمام منشی عبدالعزیز منیجر
طبع ہوئی

PL
123
M3

ترکی بول چال

اس کتاب کے ذریعے سے ایک ہوشیار آدمی - جو فارسی اور عربی زبانوں سے کسی قدر واقف ہو۔ تین ماہ کے اندر محنت کر کے ترکی زبان کے

اخبارات و کتب بخوبی سمجھ سکتا ہے

مرتبہ منشی محبوب عالم صاحب ایڈیٹر پیسہ اخبار لاہور۔ بعد نظر ثانی آنریبل حاجی محمد اسمعیل خان

خانصاحب رئیس علی گڈھ

اردو زبان میں ترکی سیکھنے کے لیے یہ سب سے پہلی کتاب قریبًا پونے دو سو صفحے پر لکھی گئی ہے

اسمیں پہلے ترکی زبان کے ہر ضرورت کے پونے دو ہزار لفظ با معنی۔ پھر تمام مشہور مصادر اور قریبًا اڑھائی ہزار فقرات اور محاورات درج ہیں۔ پھر گلستان کی چند حکایات معہ ترکی ترجمہ اور رقعون اور ترکی اخباری پیرگرافون کے نمونے اور ترکی شعرا کا منتخب کلام معہ ضرب الامثال وغیرہ درج ہیں۔ غرض نہایت جامع بول چال ہے قیمت (عہ)

المشتہر

منشی محمد عبد العزیز منیجر کارخانہ پیسہ اخبار لاہور

صرف و نحو ترکی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

جبکہ میں نے زبانِ ترکی کی بول چال کا رسالہ مرتّب کیا تو اس بات کی ضرورت معلوم ہوئی کہ اُردو خواں ناظرین کی امداد کے لئے صرف و نحو ترکی کا ایک مختصر رسالہ بھی موجود ہونا چاہیئے۔

ترکی زبان کے قواعد صرف و نحو بہت مختصر منضبط اور سہل ہیں۔ گردانِ فعل کے قواعد قدرے طویل ہیں۔ لیکن وہ بھی ایسے معین اور سہل ہیں کہ اُنکے ذہن نشین کر لینے کے بعد تعجب ہوتا ہے کہ ترکی زبان کے فعل کی گردانیں کیسی سادہ اور سہل اور ساتھ ہی کئی دوسری زیادہ ترقی یافتہ زبانوں سے پُر مطلب اور مختصر ہیں۔

اس مختصر رسالہ کو ضبط کر لینے کے بعد ترکی زبان کی معمولی واقفیت کے لئے تو کسی اور مطوّل ترکی گرامر کی ضرورت نہ رہے گی۔ لیکن جو اصحاب ترکی زبان کی بخوبی تکمیل کرنا چاہیں انہیں میں ایک مفصّل ترکی گرامر کا پتہ دیتا ہوں جو غایت الامانی کے نام سے محمد کامل صاحب نے عربی زبان میں لکھ کر استنبول کے مطبع المعلومات میں طبع کرائی ہے اور ساتھ ہی اگر ترکی لغات درکار ہو تو ترکی زبان

کی مشہور لغات اختری جو تُرکی میں ہی معنے بیان کرتی ہے اور قسطنطنیہ سے مل سکتی
ہے یا تُرکی انگریزی اور انگریزی تُرکی لُغات ریڈہوس صاحب کی ڈکشنری مطبوعہ
انگلستان وہ اچھی لُغاتیں ہیں۔

میں اخیر میں مولوی محمد عبّاس صاحب ایم۔اے کا شکریہ ادا کرنا ضروری
سمجھتا ہوں کہ جنہوں نے اِس رسالہ کے مرتّب کرنے میں مجھے مدد دی +

مجبُوب عالم

لاہور ۔ اکتوبر ۱۹۰۳ء

باب اوّل

تلفّظ اور اصطلاحات

تُرکی زبان میں بعض حروف لکھنے میں کچھ اَور ہوتے ہیں اور پڑھے میں کچھ اَور۔ وہ یہ ہیں :-

ب - اگر آخر کلمہ میں ہو اور اس سے پہلے ا - د - ڈ - ذ - ح - ت - س - میں سے کوئی حرف ہو تو اُس کی آواز پ کی ہو گی۔ جیسے کتاب (کتاپ) مجرّب (مجرّپ) کاذب (کاذپ) اگر ساکن ہو اور اس کے بعد ت - د - ہ - ط - ح - س - ع میں سے کوئی حرف متحرک آئے تو بھی اُس کو پ پڑھتے ہیں۔ جیسے ابطال (اپطال) مُبتدی (مُپتدی) -

ڈ - اگر آخر کلمہ میں ہو اور اس سے پہلے خ آئے تو ت پڑھی جاتی ہے۔ جیسے نخوڈ (نخوت) آزموڈ (آزموت) -

ر - اگر اوّل کلمہ میں آئے تو اُس کو ء کے ساتھ پڑھتے ہیں۔ جیسے ربع کو (اُرُب) رُوم کو (اُرُوم) - یہ قاعدہ اگرچہ عام طور پر رائج ہے لیکن فصاحت سے گرتا جاتا ہے۔

گ - اگر آخر کلمہ میں آئے اور ساکن ماقبل مکسور ہو تو یا اُسے ی پڑھتے ہیں - بلکہ گرا دیتے ہیں۔ جیسے اِیگ (اِی) جیگ (جی) اس کاف

کو اصطلاح میں "کاف یائی" کہتے ہیں۔

اگر وسط کلمہ میں آئے اور مضموم ماقبل مضموم ہو تو وہ ی سے بدل جاتا ہے۔ جیسے گوگومین (گویومیں) گوگس (گویس) اس کو اصطلاح میں "کاف فارسی" کہتے ہیں۔

ک۔ کاف کسی وقت ن کی آواز دیتا ہے۔ لیکن وہ اوّل میں کبھی نہیں آتا۔ جیسے بکْ (بن) بکز (بنز) اکْ (ان) سیکز (سینز) اسکو اصطلاح میں "کاف ترکی" یا "کاف صاغر" یعنے کاف صغیر کہتے ہیں۔

بعض حروف متحرک ہوکر بالکل بدل جاتے ہیں۔ چنانچہ ت جب آخر کلمہ میں ہو تو متحرک ہونے سے د ہو جاتی ہے جیسے درت سے دردہ۔ اس طرح ق اگر آخر کلمہ میں ہو تو متحرک ہوکر غ ہو جاتا ہے جیسے چوجق سے چوجغی۔

حروف علت یا حروفِ املا۔ اِن حروف کا بیان اِس کتاب میں کثرت سے آئیگا کیونکہ عموماً ان کا قاعدہ حروف صحیح سے جداگانہ ہوتا ہے اور وہ یہ ہیں:۔ ا۔ ہ۔ و۔ ی۔

مفاعیل ستّہ۔ ان سے مراد ہے مفعول بہٖ۔ مفعول الیہ۔ مفعول معہٗ۔ مفعول فیہ۔ مفعول منہ۔ اور مفعول لہٗ۔

باب دوم

اسم کا بیان

مختلف اعتباروں سے اسم کی حسب ذیل تقسیم کی گئی ہے (۱) مفرد و جمع۔ (۲) مؤنث و مذکر (۳) مضاف و مضاف الیہ (۴) مفاعیل ستّہ (۵) صفت (۶) ضمیر (۷) اشارہ (۸) عدد (۹) ظرف (۱۰) مصغر۔

اِسی تقسیم کی ترتیب سے ان اقسام کا بیان اس کتاب میں کیا جائیگا۔ اگرچہ ان کے علاوہ اور بھی اسم کی قسمیں ہیں۔ لیکن جو ضروری تغیر و تبدّل ہم کو دکھانے منظور ہیں وہ انہیں قسموں میں پورے ہو جاتے ہیں۔ اس لئے انہیں اقسام کو کافی سمجھا گیا ہے۔

فصل (۱) مفرد و جمع

مُفرد کے آخر میں لر لگانے سے جمع بنجاتی ہے۔ جیسے ال (ہاتھ) سے اللر (ہاتھوں) یول (راستہ) یوللر (راستے)، قویو (کنوآں) قویولر (کنوئیں)، کبھی کبھی بعض فارسی اور عربی جمع کے صیغے بھی اس زبان میں مستعمل ہیں جیسے سبزہ سے سبزوات۔ آھو سے آھویان۔ آدم سے آدمیان۔

فصل (۲) مؤنث و مذکّر

خوش قسمتی سے ترکی زبان میں بخلاف اُردو کے بیجان چیزوں کی تذکیر و تانیث کا قاعدہ نہیں - جانداروں میں بھی اس کا بہت کم لحاظ ہوتا ہے ہوتا ہی مذکر کے اوّل میں دیشی - قیز - قاری وغیرہ الفاظ بڑھانے سے مؤنث بنجاتا ہے - جیسے ارسلان (شیر) دیشی ارسلان (شیرنی) خدمتچی (خدمتگار) قیز خدمتچی (خادمہ) آشچی (باورچی) قاری آشچی (باورچن) -

فصل (۳) مضاف و مضاف الیہ

اردو کی طرح ترکی میں بھی مضاف الیہ پہلے آتا ہے اور مضاف پیچھے - اضافت کا عام قاعدہ یہ ہے کہ مضاف الیہ کے آخر میں اگر حرف صحیح ہو تو کث ورنہ نک بڑھاؤ - اور مضاف کے آخر میں اگر حرف صحیح ہو تو ی ورنہ سی بڑھاؤ - مثلاً :- احمدکث کتابی (احمد کی کتاب) محمدکث خانہ سی (محمد کا گھر) یالینک ھواسی (ساحلِ بحر کی ہوا) اسی قاعدہ کے ساتھ چند اور باتیں بھی یاد رکھنی چاہئیں -

(۱) اگر مضاف الیہ کے آخر میں ق ہو تو وہ متحرک ہو کر غ ہو جائیگا - جیسے طاووق (مُرغ) طاووغث دیلی (مُرغ کی زبان) اس قاعدہ سے ادق اور طوق مستثنےٰ ہیں - مضاف کا ق بھی متحرک ہو کر غ ہو جاتا ہے جیسے محمدکث جوجغی (محمد کا بیٹا) -

(۲) آخر کا کَ تی سے بدل جاتا ہے - مگر یہ شرط ہے کہ اس سے پہلے ایک ہی حرکت نہ ہو - جیسے فلکث رنگی (آسمان کا رنگ) اسکا تلفظ ہے

فَلْبِنْ رنگی"۔

(۳) صو (پانی) ایسا لفظ ہے جس میں عام قاعدہ برعکس ہو جاتا ہے یعنے جب وہ مضاف الیہ ہو تو اس کے آخر میں ن کی بجائے ی زیادہ کرتے ہیں جیسے صونگ دیبی (پانی کی گہرائی) اور مضاف ہو تو سی کی بجائے ی بڑھاتے ہیں۔ جیسے چشمہ نگ صوبی (چشمہ کا پانی)۔

(۴) اگر مضاف مضاف الیہ ہو تو اس کی علامت گر جاتی ہے۔ جیسے قومشونگ قہوہ قوطوسی (کمپنی کے قہوہ کی ڈبیا) میں قہوہ سی سے قہوہ رہگیا ہے۔

(۵) اگر مضاف الیہ نکرہ ہو یا مضاف اور مضاف الیہ سے ایک ہی چیز مراد ہو تو مضاف الیہ کی علامت حذف ہو جاتی ہے۔ جیسے بقال دکانی (بقال کی دکان)، دکزِ صوبی (سمندر کا پانی)۔

(۶) کبھی اختصار کی غرض سے اضافۃ کی علامت کو بالکل اُڑا دیتے ہیں۔ یہ عمل خاصکر اضافۃ بیانی میں عام ہے۔ جیسے اِلتون یوزوک (سونے کی انگوٹھی)۔

فصل (۴) مفاعیل ستّہ

۱۔ **مفعول بہ**:۔ اگر لفظ کے آخر میں حرف صحیح ہو تو مفعول بہ بننے کی صورت میں اس پر ی بڑھائینگے۔ اور اگر آخر میں حرف علت ہو تو یی بڑھائینگے جیسے۔ کتابی آچیدم (میں نے کتاب کو کھولا) قپویی قپادم (میں نے دروازہ کو بند کیا) لیکن اگر مضاف مفعول بہ واقع ہو تو اُس کے آخر کی علامت اُڑا کر حرف صحیح کی صورت میں نی یا ینی لگاتے ہیں اور حرف املا کی صورت میں سنی لگاتے ہیں جیسے قواعد درسنی اوقودی (اُس نے درس کے قواعد پڑھے) ینِ ریگزکث نکر ملینی اکلادم (تمہارے باپ کی رائے کو میں سمجھا) تو جھکزک بقسنی

تمنا ایدرم (تمہاری توجہ مدام چاہتا ہوں) برادریکزکٔ افادہ سنی ایشتدم (تمہارے بھائی کی نصیحت میں نے سُنی)۔

کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ مفعول بہ کی علامت کو حذف کر دیتے ہیں۔ اس صُورت میں مفعول بہ سے کسی خاص چیز کی طرف اشارہ نہیں ہو سکتا جیسے آدم کوردوم (کسی آدمی کو مَیں نے دیکھا) مکتوبلر یازدم (کچھ خطوط میں نے لکھے) ات الدم (کوئی گھوڑا مَیں نے خریدا) کبھی مفعول بہ پر لفظ بر بھی بڑھاتے ہیں جیسے برادم کوردم۔

۲۔ **مفعول الیہ**۔ اصلی علامت ہ (تک) ہے۔ باقی علامات بھی انہیں شرائط کے ساتھ کہ جنکا بیان مفعول بہ میں ہو چکا ہے۔ نہ۔ ینہ۔ سنہ ہیں۔ جیسے احمدہ سویلدم (احمد کو یعنے سے، مَیں نے کہا) علی یہ ویردم (علی کو مَیں نے دیا) اوغلنہ دیدم (بچہ سے مَیں نے کہا) برادرینہ گیتدم (بھائی کی طرف مَیں گیا) خانہ سنہ گیردم (مَیں گھر میں داخل ہوا)۔

۳۔ **مفعول معہ**۔ اس کی علامت ایلہ (ساتھ) ہے۔ جو کہیں نہیں بدلتی۔ البتہ اگر لفظ کے آخر میں حرف صحیح یا ي ہو۔ تو بنظر تخفیف ایلہ لو لہ کر لیتے ہیں جیسے احمد ابلہ کلدم (احمد کے ساتھ آیا) علی ایلہ گیتدم (علی کے ساتھ گیا) بچاق ایلہ کسدم (چھری کے ساتھ کاٹا) والورلہ گلدم (آگبوٹ میں آیا) احمدلہ گیتدم (احمد کے ساتھ گیا) بدریلہ اوقودی (اُس نے باپ کے ساتھ پڑھا) چاقیلہ قازیدم (چاقو سے کھودا):

۴۔ **مفعول فیہ**۔ اس کی علامت دہ (میں) ہے۔ چُونکہ یہ حرف کبھی عطف کا فائدہ بھی دیتا ہے۔ اِس لئے ان دونوں میں تمیز کرنے کے لیے علامت مفعول فیہ کو متصل یعنے کتابدہ (کتاب میں) اور حرفِ عطف کو منفصل جیسے

کتاب دہ (کتاب بھی) لکھتے ہیں۔ اس علامت میں بھی تغیر نہیں جیسے کتبدہ اوقودی (مکتب میں پڑھا) استانبولدہ طوغدی (استانبول میں پیدا ہوا) آطہ دہ اوطور ییور (جزیرہ میں رہتا ہے) قپودہ طور ییور (دروازہ میں کھڑا ہے)

(۵) **مفعول منہ** - اس کی علامت دن (سے) ہے اور اس میں بھی تغیر نہیں آتا۔ جیسے او دن گلدم (میں گھر سے آیا) احمد دن آلدم (احمد سے لیا) دیواردن آتلادی (دیوار سے کود پڑا)۔

(۶) **مفعول لہ** - اس کی علامت ایچون (لئے) ہے۔ اس میں بھی تغیر نہیں ہوتا۔ البتہ اکثر بنظر تخفیف حرف ی کے بعد اس کے پہلے دو حرف گر جاتے ہیں۔ جیسے اللہ ایچون سودم (میں خدا واسطے کی محبت کرتا ہوں)۔

فصل (۵) صِفت

صفت کے بڑھانے یا گھٹانے وغیرہ کی پانچ بڑی قسمیں ہیں:- موکدہ۔ تفضیلیہ۔ تشبیہیہ۔ مخففہ۔ نسبیہ۔

موکدہ کا عام قاعدہ یہ ہے کہ صفت پر پک یا چوق یا پک چوق بڑھائیں۔ جیسے گوزل (اچھا)، پک چوق گوزل (بہت اچھا)۔ چوق گوزل (بہت اچھا)، پک چوق گوزل (بہت ہی اچھا)، ترکی زبان کے محاورہ میں بعض خاص الفاظ بھی ہیں جو صفت سے پہلے آکر تاکید صفت کا فائدہ دیتے ہیں۔ انکی فہرست ذیل میں دیجاتی ہے:-

آپ - اچیق (کھلا ہوا) - آپ آچیق (بہت کھلا ہوا)
ایپ - اینجہ (رقیق) - ایپ اینجہ (بہت رقیق)۔
اوپ - اوزون (لمبا) - اوپ اوزون (بہت لمبا)۔

بم - بیاض (سپید)	-	بم بیاض (بہت سفید)
بام - باشقه (متغیر)	-	بام باشقه (بہت متغیر)
بوم - بوش (خالی)	-	بوم باش (بہت خالی)
باص - بیاغی (ادنیٰ)	-	باص بیاغی (بہت ادنیٰ)
بس - بللی (ظاہر)	-	بس بللی (بہت ظاہر)
تز - تمیز (صاف)	-	تز تمیز (بہت صاف)
جیم - جیلیز (دُبلا)	-	جیم جیلیز (بہت دُبلا)
چیر - چپلاق (ننگا)	-	چیر چپلاق (ننگا دھڑنگا)
دیپ - دیری (تندرست)	-	دیپ دیری (چاق چوبند)
دوم - دوز (سپاٹ)	-	دوم دوز (بہت سپاٹ)
سیپ - سیوری (چھوٹے سرکا)	-	سیپ سیوری (بہت چھوٹے سرکا)
صاپ - صاری (زرد)	-	صاپ صاری (گہرا زرد)
صیر - صیقلدم (تر)	-	صیر صیقلدم (تر بتر)
طوس - طوغری (سیدھا)	-	طوس طوغری (ناک کی سیدھ)
طیم - طیقیز (لبریز)	-	طیم طیقیز (بہت لبریز)
قاپ - قاره (کالا)	-	قاپ قاره (کالا بھجنگ)
قاص - قاتی (ٹھوس)	-	قاص قاتی (بہت ٹھوس)
قوپ - قوری (خشک)	-	قوپ قوری (بہت خشک)
قیپ - قرمزی (سُرخ)	-	قیپ قرمزی (گہرا سُرخ)
کوس - کوتوک (ابتر)	-	کوس کوتوک (بہت ابتر)
ماص - ماوی (نیلا)	-	ماص ماوی (بہت نیلا)

موص - مود (بنفشی) - موص مود (شوخ بنفشی)
یپ - یکی (نیا) - یپ یکی (بالکل نیا)
یم - یشیل (سبز) - یم یشیل (گہرا سبز)

تفضیلیہ - صفت بنانے کے لئے مجرد صفت سے پہلے اکث یا دہا بڑھاتے ہیں۔ جیسے بیوک (بڑا) اکث بیوک (زیادہ بڑا) اوزون (لمبا) دہا اوزون (زیادہ لمبا) اکث اور دہا میں فرق یہ ہے کہ اکث محض تفضیل کے لئے آتا ہے۔ دہا میں ایک کو دوسرے پر ترجیح دیجاتی ہو اور اس لئے ضرور ہے کہ دہا کے ساتھ دو چیزیں ہوں۔ ایک وہ جس پر ترجیح دیجائے اور ایک وہ جسکو ترجیح دیجائے۔ کبھی لفظ دن (سے) بھی ترجیح بالتفضیل کا فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ جیسے "فیل دودن بیوکدر" (ہاتھی اونٹ سے بڑا ہے)۔

تشبیہہ - صفت کے آخر میں اور کبھی کبھی اسم کے آخر میں بھی "مسی" بڑھانے سے یہ صفت بنجاتی ہے۔ جیسے یشیل (سبز) یشیلمسی (سبزی مائل) قومز (سرخ) قرمزیمسی (سرخی مائل)، قلمسی (قلم کی مانند) کاغذمسی (کاغذ کی مانند)۔

مخففہ - اس کی علامت جہ ہے جو صفت کے آخر میں بڑھائی جاتی ہو جیسے بیوک (بڑا) بیوکجہ (کسی قدر بڑا) اوزن (لمبا)، اوزونجہ (کسی قدر لمبا) بعض صیغے اس صفت کے بے قاعدہ بھی ہیں جیسے بیوک (بڑا) سے بیوجک (کسی قدر بڑا) کوچوک (چھوٹا) سے کوچدک (کچھ چھوٹا)

نسبیہ - اگر اسم کے آخر میں کسرہ یا فتحہ ہو تو "لی" لگانے سے۔ اور اگر ضمہ ہو تو "لو" لگانے سے صفت نسبیہ بنجاتی ہے جیسے مرحمت سے مرحمتلی

(رحیم) دیل (زبان) سے دیللی (زبان دراز) اورروج (روزہ) اورروجلو (روزہ دار) بورروج (قرضہ) بوررو جلو (قرضدار) گوز (آنکھ) گوزلو (ساکھا) اگن (عرض) انگلی (عریض) کلمہ کے اخیر میں "سز" بڑھانے سے بھی صفت نسبیہ بنجاتی ہے اور اُس کے معنے منفی ہوتے ہیں جیسے دیل (زبان) سے دیلسز (بے زبان) عقل سے عقلسز (بیعقل) کبھی (لک) یا "لق" بڑھانے سے بھی یہی مطلب حاصل ہوتا ہے۔ جیسے قیش (سرما) قیشلق (سرمائی) یاز (گرما) یازلق (گرمائی) جھنّم (دوزخ) جھنملک (دوزخی)۔

فصل ۶ ۔ ضمیر

ضمیر کے قواعد بھی وہی ہیں جو اسم کی ذیل میں بیان ہو چکے ہیں۔ لیکن کہیں کہیں فرق ہے۔ اس کے سمجھانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ پہلے ہم ایک مفصل فہرست ضمیر کی مختلف گردانوں کی دکھادیں۔ مبتدی کو چاہئے کہ پہلے اِس فہرست کو خوب یاد کرلے :۔

ضمیر مجرّد۔ او (وہ) اونلر (وہ سب) سن (تو) سز (تم) بن (میں) بز (ہم)۔

ضمیر مفعول بہ۔ انی (اسکو) انلری (انکو) سنی (تجھ کو) سزی (تم کو) بنی (مجھ کو) بزی (ہمکو)۔

ضمیر مفعول الیہ اکا (اسکی طرف) انلرہ (انکی طرف) سکا (تیری طرف) سزہ (تمہاری طرف) بکا (میری طرف) بزہ (ہماری طرف)۔

ضمیر مفعول فیہ۔ اندہ (اسکے پاس) انلردہ (انکے پاس) سندہ (تیرے پاس)

سزده (تمہارے پاس) بنده (میرے پاس) بزده (ہمارے)۔

ضمیر مفعول منہ - اندن (اس سے) انلودن (ان سے) سندن (تجھ سے) سزدن (تم سے) بندن (مجھسے) بزدن (ہم سے)۔

ضمیر مفعول معہ - انکلہ (اس کے ساتھ) انلرلہ (انکے ساتھ) سنکلہ (تیرے ساتھ) سزکلہ (تمہارے ساتھ) بنملہ (میرے ساتھ) بزملہ (ہماری ساتھ)

ضمیر مفعول لہ - انکٔ ایچون (اسکے لئے) انلرکٔ ایچون (ان کے لئے) سنکٔ ایچون (تیرے لئے) سزکٔ ایچون (تمہارے لئے) بنم ایچون (میرے لئے) بزم ایچون (ہمارے لئے)۔

ضمیر اضافی - انکٔ قلمی (اسکی قلم) انلرکٔ قلمری (انکی قلمیں) سنکٔ قلمکٔ (تیری قلم) سزکٔ قلمکز (تمہاری قلم) بنم قلمم (میری قلم) بزم قلمز (ہماری قلم)

اس فہرست پر نظر ڈالنے سے معلوم ہوسکتا ہے کہ ضمیریں ان باتوں میں اسم سے مختلف ہیں۔

(۱) مفعول لہٗ میں بن - بکا - سن - سکا - او - آنی ہو جاتا ہے۔

(۲) اضافت میں (جبکہ متکلم اور مخاطب کے صیغے ہوں مضاف الیہ اور مضاف دونوں کے آخر میں ضمیر کی علامت بڑھائی جاتی ہے - جیسے سنک قلمکٔ -

(۳) مفعول معہ اور مفعول لہٗ میں ضمیر کو مضاف الیہ اور ایلہ اور ایچون کو مضاف لاتے ہیں - لیکن ضمیر "انلر" اس قاعدہ سے مستثنےٰ ہے۔

فصل ۷ - اسمائے اشارہ

اسمائے اشارہ دو قسم کے ہیں: - اوّل بسیطہ دوم مرکبہ -

بسیطہ یہ ہیں - بو (یہ) شو (یہ) او (وہ) اُن میں سے اوّل

قریب کے لئے دُوسرا اوسط فاصلے کے لئے اور تیسرا دُور کے لئے مستعمل ہے۔

ان اسمار کی مختلف ترکیبوں میں جو مختلف حالت ہُوتی ہے وُہ ذیل کے نقشہ سے ظاہر ہے :-

جمع	بونلر	شونلر	اونلر
مفعول بہ	بونی	شونی	اونی
مفعول الیہ	بوکا	شوکا	اکا
مفعول فیہ	بونده	شونده	انده
مفعول منہ	بوندن	شوندن	اندن
مفعول معہ	بونکلر	شونکلر	انکلر
مضاف الیہ	بونك	شونك	انك

بعض اسمائے اشارہ ایسے ہیں جو مذکورۂ بالا اسمائے اشارہ سے ماخوذ ہیں اور وُہ حسب ذیل ہیں :- بورا (اسجگہ) شورا (اُسجگہ) اورا (اسجگہ) بویله (اِس طرح) شویله (اس طرح) اویله (اس طرح)۔

اسمائے اشارہ مرکبہ یہ ہیں :- اویہ کی (دُور کا) اوبری (دُور کا) بریکی (قریب کا) ان کا استعمال خاصکر اس موقع پر ہوتا ہے جہاں ایک ہی قسم کی کئی چیزیں موجُود ہوں اور ان میں سے ایک چیز کی طرف بالخصوص اشارہ کرنا منظور ہو۔

تمام اسمائے اشارہ کی نسبت ان قواعد کا ضرور خیال رکھنا لازم ہے۔

(۱) مشارٌالیہ جمع ہو یا منفرد اسم اشارہ ہمیشہ مفرد رہیگا۔ مثلاً بو آدم (یہ آدمی) بو ادملر (یہ آدمی)۔

(۲) اگر اسم اشارہ۔ مشارٌالیہ کے ساتھ آئے تو ضمیرن مشارٌالیہ کے

آخر میں داخل ہونگی۔ جیسے احمد کٹ شو کتابی (احمد کی یہ کتاب) سزکٹ بوسوزیکز (آپ کا یہ کلام) بنم اوجوابم (میرا وہ جواب) ۔

فصل ۹ ۔ اسمِ عدد

واضح ہو کہ اسمائے اعداد کی کئی اقسام ہیں ۔ صحیح ۔ کسور ۔ مبہم ۔ وصفی ۔ توضیعی

اَعدادِ صحیح حسب ذیل ہیں :۔

بِرْ (۱) ایکی (۲) اوچ (۳) دُرت (۴) بش (۵) التی (۶) یدی (۷) سکز (۸) طقوز (۹) اون (۱۰) یکرمی (تلفظ یری) (۲۰) اوتوز (۳۰) قرق (۴۰) اللی (۵۰) اَلتْمش (۶۰) یتمش (۷۰) سِکسان (۸۰) طُقسان (۹۰) یُوز (۱۰۰) بیک (تلفظ بین) (۱۰۰۰)

باقی اعداد صحیح انہیں اعداد سے بنے ہیں ۔ چنانچہ دس اور بیس کے درمیان جو اعداد ہیں وُہ دس پر علی الترتیب ایک سے نو تک کی اکائیاں بڑھانے سے اور بیس سے تیس کے درمیان جو اعداد ہیں وہ بیس پر علی الترتیب ایک سے نو تک کی اکائیاں بڑھانے سے بنجاتے ہیں ۔ علیٰ ہذا القیاس تیس اور چالیس ۔ چالیس اور پچاس ۔ پچاس اور ساٹھ ۔ ساٹھ اور ستر ۔ ستر اور اسّی ۔ اسّی اور نوّے ۔ نوّے اور سَو کے درمیان کے اعداد مثلاً دس اور بیس کے درمیان اون بر (گیارہ) کا عدد اون (دس) پر بر (ایک) بڑھانے سے بنجاتا ہے ۔ اسی طرح اون ایکی (بارہ) اون (دس) پر ایکی (دو) بڑھانے سے بنجاتا ہے وقِس علیٰ ھذا ۔

کسور ۔ بہن زیادہ مستعمل ۔ یارم (آدھا) چیرک (چوتھائی) ہیں ۔ عام قاعدہ کسور کے بنانے کا یہ ہے کہ جتنا حصّہ عدد کا ظاہر کرنا ہو اس کے مطابق عدد

لیکر اسکے آگے دہ بر لگایا جائے۔ مثلاً تہائی کہنا چاہیے تو تہائی کے مطابق جو عدد ہو وہ ادیج (تین) ہے اس پر علامت مذکور لگانے سے ادیچدہ بر (تہائی) ہوگیا۔ اسیطرح بشدہ بر (پانچواں حصہ) وغیرہ۔

مبہم اعداد حسب ذیل ہیں:۔

برقاج (کچھ) اسکا اطلاق دس سے کم کی تعداد پر ہوتا ہے۔ براز (کچھ) برخیلے (بہت کچھ) برچوق (بہت سے) بعض دفعہ دو اعداد صحیح کو ملاکر عدد مبہم بناتے ہیں۔ جیسے برایکی (ایک دو) اوچ درت (تین چار)

وصفی اعداد۔ عدد صحیح پر بنجی بڑھانے سے عدد وصفی بنجاتا ہے۔ جیسے برنجی (پہلا) ایکنجی (دوسرا) اوچنجی (تیسرا) دردنجی (چوتھا) بشنجی (پانچواں) التینجی (چھٹا) یدنجی (ساتواں) سکزنجی (اٹھواں) طقوزنجی (نواں) اونجی (دسواں)۔

توضیعی عدد سے وہ عدد مراد ہے جو تقسیم کے معنے ظاہر کرے۔ یہ عموماً عدد صحیح کے بعد جس کے آخر میں صحیح حرف ہو ر بڑھانے سے اور جس کے آخر میں حرف املا ہو شر بڑھانے سے بنتا ہے۔ جیسے بِرر (ایک ایک) دردر (چار چار) ایکیشر (دو دو) یہ قاعدہ اعداد صحیح کے علاوہ اور اسمائے پر بھی کبھی کبھی جاری ہوتا ہے۔ جیسے جفت سے جفتر (جفت جفت) تک سے تکر (طاق طاق) آز (کچھ) سے آزار (کچھ کچھ) یارم (نصف) سے یارمشر (نصف نصف)

اسمائے اعداد سے متعلق ذیل کے قاعدے قابل غور ہیں:۔

(۱) عدد خواہ مفرد ہو خواہ جمع اسم معدود ہمیشہ مفرد رہیگا۔ جیسے برکتاب (ایک کتاب) ایکی کتاب (دو کتابیں)۔

(۲) اعداد صحیح جب کئی قسم کے یکجا جمع ہوں تو پہلے سب سے وُہ عدد بیان کئے جاتے ہیں جو سب سے بڑے ہوتے ہیں۔ اس کے بعد اُن سے چھوٹے اور پھر اُن سے چھوٹے۔ جیسے بیگ اوچیوز اوتوز درت یعنے (ایک ہزار تین سو چونتیس)۔

فصل ۹- اسم ظرف

اسم ظرف کی دو قسمیں ہیں۔ زمانی اور مکانی۔ ظرف زمانی کا کوئی قاعدہ نہیں ہے۔ ظرف مکانی کی دو قسمیں ہیں۔ قیاسی اور سماعی۔ ظرف مکان قیاسی۔ اسم کے آگے لک یا لق لگانے سے بنتا ہے۔ جیسے خرمالق (خرمانستان) طاغلق (کوہستان) دیکنلک (خارستان) ظرف مکانی سماعی کی مثالیں:- آوگ۔ ایلرو (سامنے) جیسے اوگندہ (اس کے سامنے) ایلرییندہ (اس کے سامنے قریب یا دور) آرقہ (پیچھے) جیسے آرقہ سندہ (اسکے پیچھے) یوز (سطح) جیسے یرگ یوز (سطح زمین) گیرو (پیچھے یا آخر میں) جیسے قافلہ نگ گیریسندہ (قافلے کے آخر میں) صاغ (دایاں) صول (بایاں) آلت (نیچے) جیسے آلتدہ (نیچے کی طرف) اوست (اوپر) جیسے کتابگ اوستندہ (کتاب کے اوپر) آوتہ (وہاں) بری (یہاں) یان (پہلو) جیسے یانی (اسکا پہلو) بنم یانمدہ در (وہ میرے پہلو میں ہے یعنے میرے پاس ہے) ایچری (اندر) ایچ (میں) ان دونوں میں دوسرا لفظ زیادہ عام ہے اور حقیقی اور مجازی دونوں معنوں میں مستعمل ہے۔ جیسے ایچری گل (اندر آ) صندوغگ ایچی (صندوق میں) دکزک ایچی (سمندر میں) آورتہ (درمیان) اورتہ دہ (وسط میں) صرہ

(آگے پیچھے) جیسے اوکی صرہ یوُرودم (اس کے آگے چلاہیں) آردی صرہ گیتدی (اس کے پیچھے گیا وُہ)۔

ظرف زمانی کی مثالیں۔ آرہ دہ (اس اثنا میں یا احیاناً)، جیسے بو آرہ دہ بورادہ بولنملیسکز (تم اس اثنا میں یہاں ضرور ملو) آرہ دہ گید یورم (کبھی کبھی جاتا ہوں) اوتہ دنبری (ہمیشہ سے) یارین (کل آیندہ) ایرکن (علے الصباح)، جیسے ایرکن گلدم (میں سویرے آیا)، گیج (دیر سے) گیج گیتدم (میں دیر سے گیا) ابرگیج (کبھی کبھی)، چابوق (جلد) آکسزین (ناگہاں)، ایکیدہ بردہ (باربار) یواش (آہستہ) شمدی (اب) جیسے شمدی دن صُکرہ (اب کے بعد) دون (کل گذشتہ) صُکرہ (بعد) جیسے احمد صُکرہ (احمد کے بعد) گون (دن) جیسے۔ لوگون کی گون (آج کا دن) ایکندی (عصر) اقشام (مغرب) یاتسو (عشا) گیجہ (رات) آی (مہینہ) ییل (سال) یاز (گرمی) گوز (خزاں) قیش (جاڑا) ایلک بھار (آغاز بہار) گوندوز (دن) کبھی دو متضاد ظرفوں کو بلا کسی حرف عطف کے ملا کر ایک نیا ظرف زمان بناتے ہیں۔ جیسے صباح اقشام (صبح و شام) گیجہ گوندوز (رات دن)۔

فصل ۱۰۔ اسم تصغیر

عام قاعدہ کسی اسم کو مصغّر بنانے کا یہ ہے کہ اگر اُسکے آخر میں حرکتِ خفیف ہو تو جک اور اگر حرکت ثقیل ہو تو جق لگائیں جیسے کتاب سے کتابجق (کتبیا) کاتب سے کاتبجک۔ خستہ سے خستہ جق۔ گوز سے گوزجک (انگوٹھی) قویو (کنواں) سے قویوجق (کوییا) کبھی جک کو جگز اور جق کو جغز بنا کر تصغیر کی تصغیر بناتے ہیں۔ جیسے ال (ہاتھ)

سے الجک اور پھر الجک سے الجگز۔ باش (سر) سے باشجق (مُنڈیا) اور پھر باشجق سے باشجغز۔

اسمائے اشارہ کی تصغیر حسب ذیل ہے:۔ بو سے بوبجغز۔ شو سے شوبجغز۔ او سے اوبجغز۔

اگر کسی اسم کے آخر میں ک یا ق ہو تو تصغیر کی علامت لگانے کے وقت گر جاتا ہے جیسے ایاق (پاؤں) سے آیاجق۔ قبوق (چھلکا) سے قبوجق۔ الک (چھلنی) سے الجک۔

بابِ سوم

فعل کا بیان

چونکہ "مصدر" کو فعل سے زیادہ تعلق ہے اس لیے اس باب میں پہلے اس کا بیان کیا گیا ہے۔ اس کے بعد امر۔ نہی۔ ماضی شہودی۔ ماضی نقلی۔ مضارع حال۔ استقبال۔ فعل وجوبی۔ فعل التزامی۔ فعل شرطی۔ افعال اعانتہ۔ افعال مرکبہ۔ صیغۂ صلہ۔ حال ترکیبی۔ صیغہ ہائے ربط۔ صیغہ تاکیدیہ۔ صیغہ وصل والانتقال۔ اسم فاعل۔ اسم مفعول۔ صفت مشبہ۔ اسم آلہ کا بیان علے الترتیب ایک دوسرے کے بعد کیا گیا ہے۔

فصل ا۔ مصدر

مصدر کی علامت مک خفیف یا مق ثقیل جیسے ویرمک (دینا) یازمق (لکھنا) اس قسم کے مجرد مصدروں سے کئی قسم کے اور مصدر حسبِ قواعدِ ذیل مشتق ہو سکتے ہیں:۔

۱۔ **مصدر منفی**۔ علامت مصدر سے پہلے ما لگانے سے جیسے گیتمک (جانا، گیتمامک (نہ جانا، اوتورمق (بیٹھنا) اوتورمامق (نہ بیٹھنا)۔

۲۔ **مصدر مجہول**۔ علامت مصدر سے پہلے حرف لام کے علاوہ کوئی حرفِ صحیح ہو تو ل ورنہ ن لگانے سے جیسے یازمق (لکھنا) یازلمق (لکھا جانا)

آرامق (تلاش کرنا)، آرانمق (تلاش کیا جانا)، اوقومق (پڑھنا) اوقونمق (پڑھا جانا)، آلمق (لینا)، آلنمق (لیا جانا) اس قاعدہ سے اکلامق (سمجھنا) مستثنےٰ ہے۔ جسکا مجہول اکلاشلمق ہے۔ کبھی حرف املا حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے بزہ مک (سجانا) سے بزنمک (سجنا)، کبھی دو علامتیں لگا دیتے ہیں۔ جیسے بزہ مک سے برنلمک (سجنا)۔

۳۔ مصدر مشارکت۔ ش لگانے سے بنتا ہے۔ جیسے سومک (محبت کرنا) سوشمک (باہم محبت کرنا) گورمک (دیکھنا) گوروشمک (ایک دوسرے کو دیکھنا) بنیمک (جاننا) بیلشمک (ایک دوسرے کو جاننا)۔

۴۔ مصدر متعدّی۔ مادہ مصدر کے آخر میں حرف صحیح ہو یا ر (جس سے پہلے ایک ہی حرف صحیح ہو۔ یا ایک بھی نہ ہو) تو علامت سے پہلے دیر یا در لگاتے ہیں۔ جیسے آچمق (کھولنا) آچدیرمق (کھلوانا)، ویرمک (دینا) ویردیرمک (دلانا) صارمق (لپیٹنا) صاردیرمق (لپٹوانا) اگر حرف املا ہو یا ر ہو (بشرطیکہ اس سے پہلے ایک یا زیادہ حروف صحیح ہوں) تو ت لگانے سے جیسے طوقومق (بُننا) طوقوتمق (بنوانا) اور بعض مصدروں میں صرف ر لگانے سے متعدّی بنجاتا ہے جیسے ایچمک (پینا) ایچرمک (پلانا) کبھی متعدّی کو متعدّی المتعدّی بنانے کے لئے دونوں علامتیں لاتے ہیں۔ جیسے آکلامق (سمجھنا) آکلاتمق (سمجھانا) آکلاتدیرمق (سمجھوانا)۔

۵۔ مصدر ذاتی۔ مادہ مصدر کے بعد حرف ن بڑھانے سے فائدہ ذاتی معنوں کا دیتا ہے۔ جیسے سومک (محبت کرنا) سونمک (اپنے آپ سے محبت کرنا)۔

۶۔ مصدر منفی غیر اختیاری۔ مصدر منفی میں علامت نفی سے پہلے اگر مادہ کا آخر حرف متحرک ہو تو یہ ورنہ ہ یا ا بڑھانے سے بنتا ہے۔ جیسے

گلہ مامک (نہ آسکنا) اوقوییہ مامق (نہ پڑھ سکنا) یازاماموق (نہ لکھ سکنا) گیدہ مامک (نہ جا سکنا)۔

ذیل میں اس امر کے سمجھانے کے لئے کہ ایک ترکی مصدر ایک ایک دو دو حروف کے زیادہ کرنے سے کس قدر مختلف معنوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک جدول مصدرہ کی مختلف حالتوں کا درج کیا جاتا ہے:-

معروف -	——	سومک -	(محبت کرنا)
"	نفی -	سوممک -	(محبت نہ کرنا)
"	نفی غیر اختیاری -	سوہ ممک -	(محبت نہ کر سکنا)
متعدی		سودرمک -	(محبت کرانا)
"	نفی -	سودرممک -	(محبت نہ کرانا)
"	نفی غیر اختیاری -	سودرہ ممک -	(محبت نہ کرا سکنا)
مجہول -		سولمک -	(محبت کیا جانا)
"	نفی	سولممک -	(محبت نہ کیا جانا)
"	نفی غیر اختیاری -	سولہ ممک -	(محبت نہ کرایا جا سکنا)
متعدی		سولدرمک -	(محبت کرایا جانا)
مشارکت -		سوشمک -	(باہم محبت کرنا)
"	نفی	سوشممک -	(باہم محبت نہ کرنا)
"	نفی غیر اختیاری -	سوشہ ممک -	(باہم محبت نہ کر سکنا)
مجہول -		سوشلمک -	(باہم محبت کیا جانا)
"	نفی	سوشلممک -	(باہم محبت نہ کیا جانا)
"	نفی غیر اختیاری	سوشلہ ممک	(باہم محبت نہ کیا جا سکنا)

متعدی- سوشدرمک - (باہم محبّت کرانا)

ذاتی- سونمک - (اپنے آپ سے محبت کرنا)

" نفی - سونممک - (اپنے آپ سے محبّت نہ کرنا)

" نفی غیراختیاری- سونہ ممک- (اپنے آپ سے محبت نہ کرسکنا)

متعدّی - سونڈرمک - (اپنے آپ سے محبت کرانا)

" نفی - سونڈرممک - (اپنے آپ سے محبّت نہ کرانا)

" نفی غیر اختیاری- سونڈرہ ممک -(اپنے آپ سے محبت نہ کرایا جاسکنا)

فصل ۲- امر

مصدر کی علامت کو حذف کر دینے سے واحد امر حاضر کا صیغہ بنجاتا ہے۔ جیسے چالشمق (کوشش کرنا) سے چالش (کوشش کر) جمع امر حاضر کا صیغہ واحد پر کز بڑھانے سے بنتا ہے۔ جیسے چالشک (کوشش کرو)۔ تعظیم کے موقع پر "ز" اور بڑھا دیتے ہیں۔ جیسے چالشگز (کوشش کیجئے) مادہ مصدر کے آخر میں اگر حرفِ علّت ہو تو ی نہ ہونے کی صورت میں گز سے پہلے ی بڑھانی چاہئے۔ جیسے آریگز (تلاش کرو) دنہ یگز (آزماؤ) آجیگز (رحم کرو) اوقویگز (پڑھو) امر غائب کی علامت سون اور سونلر ہیں - جیسے اوقو سے اوقوسون (وہ پڑھے واحد) اوقوسونلر (وہ پڑھیں) جمع۔

فصل ۳- نہی

امر کے صیغہ میں مہ اور م بڑھانے سے نہی بنجاتا ہے۔ لیکن جمع میں ی اور بڑھائی جاتی ہے بہ گل (آ)، گلمہ (مت آ) گلمیکز (نہ آئیے) قاچ (بھاگ) قاچمسون (نہ بھاگے) قاچمسونلر (نہ بھاگیں) اوتور (بیٹھ) اوتورمہ (مت بیٹھ) اوتورمایکز (نہ بیٹھو) باق (دیکھ) باقمہ (مت دیکھ) باقمایکز (نہ دیکھئے) گیت (جا) گیتمہ (مت جا) گیتمہ کث (مت جاؤ) صور (پوچھ) صورمہ (مت پوچھ) صورماکث (نہ پوچھ)

فصل ۴- ماضی

مادہ اصلی پر دی بڑھانے سے ماضی اثباتی معروف کا پہلا صیغہ واحد غائب بنتا ہے۔ اس پر لر اور کز لگانے سے جمع غائب اور جمع حاضر اور واحد غائب کی ی حذف کر کے ک۔ م۔ ق لگانے سے علی الترتیب واحد حاضر۔ واحد متکلم اور جمع متکلم کے صیغے بنتے ہیں جیسے:۔ یازدی (اُس نے لکھا) یازدیلر (اُنہوں نے لکھا) یازدک (تو نے لکھا) یازدیکز (تم نے لکھا) یازدم (میں نے لکھا) یازدق (ہم نے لکھا)۔

یہ صیغے ماضی اثباتی کے تھے۔ ماضی منفی بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مادہ مصدر کے اور علامت ماضی کے بیچ میں م بڑھا دو۔ چنانچہ ایسا کرنے سے حسب ذیل صیغے ماضی منفی کے بنینگے:۔

یازمدی (اُس نے نہیں لکھا) یازمدیلر (اُنہوں نے نہیں لکھا) یازمدک (تو نے نہیں لکھا) یازمدیکز (تم نے نہیں لکھا) یازمدم (میں نے نہیں لکھا)

یازمدق (ہم نے نہیں لکھا)۔

ماضی اثباتی یا ماضی منفی کو مجہول بنانا ہو تو کیا منفی اور کیا اثباتی دونوں قسم کی ماضیوں میں مادہ اصلی کے آگے ل بڑھانے سے مجہول کا صیغہ بنجاتا ہے:۔
یازلدی (وہ لکھا گیا) یازلدیلر (وہ لکھے گئے) یازلدک (تو لکھا گیا) یازلدکز (تم لکھے گئے) یازلدم (میں لکھا گیا) یازلدق (ہم لکھے گئے) اسی طرح یازلمدی (وہ نہیں لکھا گیا) یازلمدیلر (وہ نہیں لکھے گئے) وغیرہ وغیرہ۔

فصل ۵۔ ماضی نقلی

اس ماضی کا پہلا صیغہ مادۂ مصدر پر مش لگانے سے بنتا ہے۔ دوسرا صیغہ جمع غائب اس صیغہ پر لر لگانے سے۔ اور باقی صیغے اسی صیغہ پر۔ ضمائر نسبیہ یعنے سک۔ سکز۔ م۔ ز لگانے سے بنجاتے ہیں۔ جیسے:۔
یازمش (کہتے ہیں کہ اس نے لکھا) یازمشلر (کہتے ہیں کہ انہوں نے لکھا) یازمشک (" تو نے لکھا) یازمسکز (" تم نے لکھا) یازمشم (" میں نے لکھا) یازمشز (" ہم نے لکھا)۔ اسکو منفی کرنا ہو تو م اور مجہول بنانا ہو تو ل لگاؤ جیسے یازممش (کہتے ہیں کہ اس نے نہیں لکھا)۔ یازلمش (کہتے ہیں کہ وہ لکھا گیا) یازلممش (کہتے ہیں کہ وہ نہیں لکھا گیا)۔

فصل ۶۔ مضارع

(۱) مضارع بنانے کا عام قاعدہ یہ ہے کہ مادۂ مصدر پر ر لگانے سے پہلا صیغہ اور پھر اس پر ضمائر نسبیہ لگانے سے باقی صیغے بنجاتے ہیں۔ جیسے یازر (وہ لکھے) یازرلر (وہ لکھیں) یازرسک (تو لکھے) یازرسکز

(تم لکھو) یازدِم (مَیں لکھوں)، یازرز (ہم لکھیں)۔

(۲) اگر مضارع کے آخر پہلے سے رَ موجود ہو اور اس میں حروف بھی بہت ہوں تو یہ رَ متحرک ہوکر مکسور پڑھی جائیگی جیسے صراد سے صرادِرْ (زرد ہو) اور اگر حروف کم ہوں تو یہ رَ مفتوح رہیگی جیسے صور سے صورَرْ (پوچھے) اور اگر مضارع کے آخر سے پہلا حرف مش ہو اور حروف بہت ہوں تو و اور اگر حروف کم ہوں تو ا بڑھاتے ہیں۔ جیسے قونش سے قونشور (مخاطب کرے) اور طاش سے طاشار (لیجاتے)۔

(۳) ذیل کے مصادر سے جو مضارع آتے ہیں وُہ اِن قاعدوں سے مستثنیٰ ہیں:- اودمق سے اودورا (مارے) بولمق سے بولور (پاوے) کورمک سے کورور (دیکھے) اولمق سے اولور (ہووے) ویرمک سے دیریر (دیوے) المق سے الیر (لے) بیلمک سے بیلیر (جانے) صانمق سے صانیر (سوچے) قالمق سے قالیر (ٹھہرے) گلمک سے گلیر (جاسکے)۔

(۴) اگر مادہ اصل کے آخر میں ت ہو تو وُہ علامتِ مضارع لگانے کے وقت متحرک ہونے کی وجہ سے د سے بدل جاتی ہے۔ جیسے۔ گیتمک سے گیدر (جائے) ایتمک سے ایدر (کرے)، ذیل کے مصدر اس قاعدہ سے مستثنیٰ ہیں باتمق (ڈوبنا) یاتمق (سونا) صاتمق (بیچنا) اتمق (پھینکنا) ادتمک (چھپانا) قاتمق (ملانا)۔

فصل ۷۔ حال

حال کا صیغہ واحد غائب مادہ اصلی پر یور بڑھانے سے اور صیغہ جمع غائب

اس پر لر بڑھانے سے بنجاتا ہے ۔ باقی صیغے حسب دستور واحد غائب پر ضمائر نسبیہ بڑھانے سے بنجاتے ہیں جیسے ارامق (تلاش کرنا) سے :۔

ارایور (وُہ تلاش کرتا ہے) ارایورلر (وُہ تلاش کرتے ہیں) ارایورسک (تو تلاش کرتا ہے) ارایورسکز (تم تلاش کرتے ہو) ارایورم (مَیں تلاش کرتا ہُوں) ارایورز (ہم تلاش کرتے ہیں)۔

فصل ۸ ۔ استقبال

اِستقبال کا پہلا صیغہ مادۂ اصلی پرہ اور جک یا جق لگانے سے اور اس کی جمع جکلر یا جقلر لگانے سے بنتے ہیں ۔ باقی صیغے پہلے صیغے پر ضمائر نسبیہ لگانے سے بنتے ہیں ۔ جیسے بیلمک (جاننا) سے :۔

بیلہ جک (وُہ جانیگا) بیلہ جکلر (وُہ جانینگے) بیلہ جکسک (تو جانیگا) بیلہ جکسکز (تم جانوگے) بیلہ جکم (میں جانونگا) بیلہ جکز (ہم جانینگے) ۔ لیکن اگر مادۂ اصلی کے آخر میں حرف اِملا ہو تو بجائے ہ کے یہ بڑھانا پڑیگا ۔ جیسے باشلامق (شروع کرنا) سے :۔

باشلا یہ جق (وُہ شروع کریگا) باشلا یہ جقلر (وہ شروع کرینگے) باشلا یہ جقسک (تو شروع کریگا) باشلا یہ جقسکز (تم شروع کروگے) باشلا یہ جقم (مَیں شروع کرونگا) باشلا یہ جقز (ہم شروع کرینگے) ۔ اسی طرح اوقومق (پڑھنا) سے اوقویہ جق (وُہ پڑھیگا) اسنہ مک (انگڑائی لینا) سے اسنہ جک (وُہ انگڑائی لیگا) یوریمک (چلنا) سے یوریہ جک (وہ چلیگا) ۔

واضح رہے کہ مستقبل کو اگر منفی کرنا منظور ہو تو علاوہ مہ کے ما بھی بڑھانی پڑیگی ۔ جیسے یازمہ جق (وہ نکھیگا) سے :۔

یازمیہ جق (وُہ نہیں لکھیگا) یازمیہ جقلر (وُہ نہیں لکھینگے) یازمیہ جقسک (تو نہیں لکھیگا) یازمیہ جقسکز (تم نہیں لکھوگے) یازمیہ جغم (میں نہیں لکھونگا) یازمیہ جغز (ہم نہیں لکھینگے) ۔

استقبال کی بحث میں یہ قاعدہ ہمیشہ ملحوظ رہنا چاہئے کہ اگر علامتِ استقبال حق ہے تو آخر کے دو صیغوں میں (جیسا کہ اُوپر کی گردان سے ظاہر ہے) جق کا ق - غ سے بدل جائیگا ۔

فصل ۹ - فعل وجوبی

اس فعل سے پہلے دو صیغے مادہ مصدر پر ملی اور ملیلر بڑھانے سے ، اور باقی - صیغے پہلے صیغہ پر ضمائر نسبیہ بڑھانے سے بنتے ہیں - جیسے یازمق (لکھنا) سے :-

یازملی (اُسے لکھنا چاہئے) یازملیلر (انہیں لکھنا چاہئے) یازملیسک (تجھے لکھنا چاہئے) یازملیسکز (تمہیں لکھنا چاہئے) یازملی یم (مجھے لکھنا چاہئے) - یازملی یز (ہمیں لکھنا چاہئے) ۔

یہ فعل عمومًا وجوب کا فائدہ دیتا ہے - لیکن مصدر اولمق (ہونا) کا فعل وجوبی وجوب اور احتمال دونو معنے دیتا ہے - جیسے اولملی (چاہئے کہ وُہ ہو یا ممکن ہے کہ وُہ ہو) ۔

فعل وجوبی منفی :- یازمملی (اُسے نہ لکھنا چاہئے) یازمملیلر (انہیں نہ لکھنا چاہئے) وغیرہ ۔

فصل ۱۰۔ فعل التزامی

یہ فعل دراصل "امر" کی ایک دوسری صورت ہی۔ اور مادۂ مصدر پر ہ اور ہ لر لگانے سے اور باقی صیغے بدستور پہلے صیغہ پر ضمائر نسبیہ لگانے سے بنتے ہیں۔ جیسے یازمق (لکھنا) سے :۔
یازہ (وہ لکھے) یازہ لر (وہ لکھیں) یازہ سن (لکھ) یازہ سکز (لکھو) یازہ یم (میں لکھوں) یازہ لم (ہم لکھیں)۔
واضح رہے کہ فعل التزامی کے پہلے "صیغے آجکل مستعمل نہیں ہیں۔ انکی جگہ امر غائب کے صیغے استعمال کیے جاتے ہیں۔
فعل التزامی منفی۔ یازمیہ (وہ نہ لکھے) یازمیہ لر (وہ نہ لکھیں) وغیرہ۔

فصل ۱۱۔ فعل شرطی

مادۂ اصلی پر سہ اور پھر بدستور اس پر ضمائر نسبیہ لگانے سے فعل شرطی کے صیغے بنجاتے ہیں جیسے بیلمک (جاننا) سے :۔
بیلسہ (اگر وہ جانے) بیلسہ لر (اگر وہ جانیں) بیلسہ ک (اگر تو جانے) بیلسہ گز (اگر تم جانو) بیلسہ م (اگر میں جانوں) بیلسہ ک (اگر ہم جانیں)۔
فعل شرطی منفی :۔ بیلمسہ (اگر وہ نہ جانے)۔

فصل ۱۲۔ افعال اعانہ

افعال اعانت سے مُراد وہ افعال ہیں۔ جو دوسرے افعال سے ملکر ہی معنے پیدا کرتے ہیں۔ جیسے ایدی (تھا) ماضی شہودی کے لئے ایمش (کہتے ہیں

کہ تھا)، ماضی نقلی کے لئے ۔ ایسہ (اگر تھا) فعل شرطی کے لئے ۔ فعل کے ساتھ ملکر یہ افعال "استمرار" کے معنے پیدا کرتے ہیں ۔ جیسے سودی (محبت کی) سودی ایدی (محبت کرتا تھا)۔

"ایدی" کی گردان "سومک" کے مشتقات کے ساتھ

ماضی۔ سودی ایدی (وہ محبت کرتا تھا)، سودی ایدیلر (وہ محبت کرتا تھے) سودی ایدک (تو محبت کرتا تھا) سودی ایدیکز (تم محبت کرتا تھا) سودی ایدم (میں محبت کرتا تھا) سودی ایدک (ہم محبت کرتے تھے)۔

ماضی نقلی۔ سومش ایدی (کہتے ہیں کہ وہ محبت کرتا تھا) سومش ایدیلر۔ سومش ایدک (سومش ایدکز۔ سومش ایدم ۔ سومش ایدک۔

مضارع۔ سورایدی (وہ محبت کرتا تھا) سورایدیلر۔ سورایدک ۔ سورایدکز۔ سودایدم ۔ سورایدک ۔

حال۔ سویورایدی (وہ محبت کیا کرتا ہے) سویورایدیلر۔ سویور ایدک۔ سویورایدکز۔ سویورایدم ۔ سویورایدک ۔

استقبال۔ سوہ جک ایدی (وہ محبت کیا کریگا) سوہ جک ایدیلر۔ سوہ جک ایدک ۔ سوہ جک ایدکز۔ سوہ جک ایدم ۔ سوہ جک ایدک ۔

وجوبی۔ سوملی ایدی (اسے چاہیئے تھا کہ محبت کیا کرتا) سوملی ایدیلر۔ سوملی ایدک ۔ سوملی ایدم ۔ سوملی ایدک ۔

التزامی۔ سوہ ایدی (اسے لازم تھا کہ محبت کیا کرتا) سوہ ایدیلر۔ سوہ ایدک ۔ سوہ ایدکز۔ سوہ ایدم۔ سوہ ایدک۔

شرطی۔ سوسہ ایدی (اگر وہ محبت کیا کرتا) سوسہ ایدیلر۔ سوسہ ایدک

سوسہ ایدکز۔ سوسہ ایدم۔ سوسہ ایدک۔

ایمش کی گردان سومک کے مشتقات کے ساتھ

ماضی نقلی۔ سومش ایمش (کہتے ہیں کہ وُہ محبّت کرتا تھا) سومش ایمشلر سومش ایمشسک۔ سومش ایمشسکز۔ سومش ایمشم۔ سومش ایمشز۔

مضارع۔ سودا ایمش (کہتے ہیں کہ وُہ محبت کرتا تھا) سورا ایمشلر۔ سورا ایمشسک۔ سورا ایمشسکز۔ سورا ایمشم۔ سورا ایمشز۔

حال۔ سویورا ایمش (کہتے ہیں کہ وہ محبّت کیا کرتا ہے) سویورا ایمشلر سویورا ایمشک۔ سویورا ایمشکز۔ سویورا ایمشم۔ سویورا ایمشز۔

استقبال۔ سوہ جک ایمش (کہتے ہیں کہ وُہ محبت کیا کریگا) سوہ جک ایمشلر۔ سوہ جک ایمشسک۔ سوہ جک ایمشسکز۔ سوہ جک ایمشم سوہ جک ایمشز۔

وجوبی۔ سوملی ایمش (کہتے ہیں کہ اُسے محبّت کرنا چاہیئے تھا) سوملی ایمشلر۔ سوملی ایمشسک۔ سوملی ایمشسکز۔ سوملی ایمشم۔ سوملی ایمشز

التزامی۔ سوہ ایمش (کہتے ہیں کہ اُسے محبت کرنا لازم تھا) سوہ ایمشلر سوہ ایمشک۔ سوہ ایمشکز۔ سوہ ایمشم۔ سوہ ایمشز۔

فصل ۱۳۔ افعالِ مرکّبہ

یہ وُہ افعال ہیں جو علاوہ اپنے مستقل معنوں کے دوسرے افعال سے ملکر نئے معنے بھی پیدا کرتے ہیں۔ انکی پانچ قسمیں ہیں:۔ (۱) اقتداری۔ (۲) تعجیلی (۳) زمانی۔ (۴) فعل مقاربت۔ (۵) فعل استمراری۔

(۱) بحثِ فعل اقتداری۔ کسی مصدر کے صیغہ التزامی مثلاً یازمق کے صیغہ التزامی (یازہ) کو مصدر بیلمک کے مشتقات پر بڑھانے سے فعل اقتداری بنجاتا ہے اور اس سے قوۃ اور استطاعت کے معنے ظاہر ہوتے ہیں۔ جیسے

ماضی شہودی۔ یازہ بیلدی (وہ لکھ سکا) یازہ بیلدیلر۔ یازہ بیلدک۔ یازہ بیلدکز۔ یازہ بیلدم۔ یازہ بیلدک۔

ماضی نقلی۔ یازہ بیلمش (کہتے ہیں کہ وہ لکھ سکا) یازہ بیلمشلر۔ یازہ بیلمشک۔ یازہ بیلمشسکز۔ یازہ بیلمشم۔ یازہ بیلمشز۔

مضارع۔ یازہ بیلر (وہ لکھ سکے) یازہ بیلرلر۔ یازہ بیلرسک۔ یازہ بیلرسکز۔ یازہ بیلیرم۔ بیلیرز۔

حال۔ یازہ بیلیور (وہ لکھ سکتا ہے) یازہ بیلیورلر۔ یازہ بیلیورسک۔ یازہ بیلیورسکز۔ یازہ بیلیورم۔ یازہ بیلیورز۔

استقبال۔ یازہ بیلہ جک (وہ لکھ سکیگا) یازہ بیلہ جکلر۔ یازہ بیلہ جکسک۔ یازہ بیلہ جکسکز۔ یازہ بیلہ جکم۔ یازہ بیلہ جکز۔

وجوبی۔ یازہ بیلملی (اسے چاہیئے کہ لکھ سکے) یازہ بیلملیلر۔ یازہ بیلملیسک۔ یازہ بیلملیسکز۔ یازہ بیلملیم۔ یازہ بیلملیز۔

التزامی۔ یازہ بیلہ (اسے لازم ہے کہ لکھ سکے) یازہ بیلہ لر۔ یازہ بیلہ سنک۔ یازہ بیلہ سکز۔ یازہ بیلہ یم۔ یازہ بیلہ یم۔

شرطی۔ یازہ بیلسہ (اگر وہ لکھ سکا) یازہ بیلسہ لر۔ یازہ بیلسہ کنز۔ یازہ بیلسہ کنز۔ یازہ بیلسہ م۔ یازہ بیلسہ ک۔

”ابسہ“ کی گردان سومک کے مشتقات کے ساتھ

ماضی- سودی ابسہ (اگر وہ محبت کرتا تھا) سودی ابسہ لر- سودی ابسہ کڠ- سودی ابسہ کڠز- سودی ابسہ م- سودی ابسہ ک-

ماضی نقلی سومش ابسہ (کہتے ہیں اگر وہ محبت کرتا تھا) سومش ابسہ لر- سومش ابسہ کڠ- سومش ابسہ کڠز- سومش ابسہ م- سومش ابسہ ک-

مضارع- سور ابسہ (اگر وہ محبت کرتا تھا) سور ابسہ لر- سور ابسہ کڠ- سور ابسہ کڠز- سور ابسہ م- سور ابسہ ک-

حال- سویور ابسہ (اگر وہ محبت کیا کرتا ہے) سویور ابسہ لر- سویور ابسہ کڠ- سویور ابسہ کڠز- سویور ابسہ م- سویور ابسہ ک-

استقبال- سوہ جک ابسہ (اگر وہ محبت کیا کریگا) سوہ جک ابسہ لر- سوہ جک ابسہ کڠ- سوہ جک ابسہ کڠز- سوہ جک ابسہ م- سوہ جک ابسہ کڠ-

وجوبی- سوملی ابسہ (اگر اسے محبت کرنا چاہئے تھا) سوملی ابسہ لر- سوملی ابسہ کڠ- سوملی ابسہ کڠز- سوملی ابسہ م- سوملی ابسہ کڠ-

(۱) واضح ہو کہ ایدی- ایمش- ابسہ کے الف کو حذف کرنا بھی جائز ہے- جیسے یازہ یدی (اسے چاہئے تھا کہ لکھے) یازہ یمش (کہتے ہیں کہ اسے چاہئے تھا کہ لکھے) یازیور یسہ (اگر وہ لکھا کرتا ہے)-

(۲) بلکہ بعض اوقات ا اور ی دونو حذف کر دیتے ہیں- جیسے یازیور ایدی سے یازیوردی (وہ لکھا کرتا ہے) یازہ جق ایمش سے یازہ جقمش (کہتے ہیں کہ وہ لکھا کریگا) یازملی ابسہ سے یازملیسہ (اگر اسے لکھنا چاہئے تھا)

(۳) اگر فعل اعانۃ کو منفی کرنا منظور ہو تو اس پر ”دگل“ (نہیں) بڑھاؤ جیسے

دگل ایدی (نہیں تھا) دگل ایمش (سنتے ہیں کہ نہیں تھا) دگل ایسہ (اگر نہیں تھا)۔

(۲) **بحثِ فعل تعجیلی**۔ کسی مصدر مثلاً یازمق کے مادہ اصلی "یاز" پر ی زیادہ کر کے اُس پر مصدر "ویرمک" کے مشتقات بڑھانے سے بنتا ہے اور "جلد" کے معنے ظاہر کرتا ہے۔ اس فعل کی ہر ایک گردان کا پہلا صیغہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے:۔ یازی ویردی (اُس نے جلد لکھا) یازی ویرمش (کہتے ہیں کہ اُس نے جلد لکھا) یازی ویریر (وہ جلد لکھے) یازی ویریور (وہ جلد لکھتا ہے) یازی ویرہ جک (وہ جلد لکھیگا) یازی ویرملی (چاہیئے کہ وہ جلد لکھے) یازہ ویرہ (لازم ہے کہ وہ جلد لکھے) یازی ویرسہ (اگر اس نے جلد لکھا)۔

(۳) **بحثِ فعل زمانی**۔ کسی مصدر کے ماضی نقلی۔ یا مستقبل یا مضارع کے صیغہ واحد غائب پر اولمق کے مشتقات کو بڑھانے سے بنتا ہے۔ جیسے یازار اولدی (وہ لکھنے لگا) یازمق اولدی (وہ لکھنے لگا) یازہ جک اولدی (وہ لکھنے لگا) یازان اولمش (کہتے ہیں کہ وہ لکھنے لگا) یازار اولور (وہ لکھنے لگے) یازار اولیور (وہ لکھنے لگتا ہے) یازار اولہ جق (وہ لکھنے لگے گا) یازار اولملی (اُسے چاہیئے کہ لکھنے لگے) یازار اولہ (اُسے لازم ہے کہ لکھنے لگے) یازار اولسہ (اگر وہ لکھے گا)۔

اس فعل کو منفی کرنا ہو تو صرف نفی پہلے جزو یا دوسرے جزو میں لانا جائز ہے جیسے اوقومامش اولمق (نہ پڑھنے لگنا) اوقومش اولمامق (نہ پڑھنے لگا)

(۴) **بحثِ فعل مقاربت**۔ اس فعل سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ فعل اب ہونے ہی کو ہے۔ اور کسی مصدر مثلاً دوشمق (گرنا) کے مادہ اصلی پر ہ لگا کر اُسے

یازمق کے کسی فعل کے ساتھ ملانے سے پیدا ہوتا ہے جیسے :-
دوشہ یازدی (وہ گرنیکو تھا) دوشہ یازدیلر (وُہ گرنیکو تھے) دوشہ یازدک - (تو گرنے کو تھا) دوشہ یازدیکز (تم گرنے کو تھے) دوشہ یازدم (میں گرنے کو تھا) دوشہ یازدق (ہم گرنے کو تھے) -

(۵) بحثِ فعل استمراری - اس سے کسی کام کے ہمیشہ یا عرصہ تک ہونے کے معنے ظاہر ہوتے ہیں - اور مادّہ مصدر پر ہ بڑھا کر اسکو طورمق - گورمک قالمق - گلمک کے مشتقات کے ساتھ ملانے سے بنتا ہے - جیسے :- یازہ طور (لکھتا رہ) اوقویہ کور (پڑھتا رہ) شاشہ قالمونلر (حیران ہا کریا) اولہ کلمش (ہوتا رہا) بیلہ گلدی (جانتا رہا) اوگرنہ کلمش (سکھاتا رہا)

فصل ۱۴ - صیغہ صلہ

یہ صیغہ ماضی کے صیغہ جمع متکلم پر اور مستقبل کے صیغہ مفرد غائب پر ی بڑھانے سے بنتا ہے - اس صورت میں اگر مصدر خفیفہ ہے تو ک ی سے اور اگر مصدر ثقیل ہے تو ق - غ سے بدلجاتا ہے - صیغہ جمع غائب اس قاعدہ سے مستثنےٰ ہے -

ماضی شہودی کی گردان - یازدیغی (جوکہ اُس نے لکھا) یازدقلری (جوکہ اُنہوں نے لکھا) یازدیغک (جوکہ تو نے لکھا) یازدیغکز (جوکہ تم نے لکھا) یازدیغم (جوکہ میں نے لکھا) یازدیغمز (جوکہ ہم نے لکھا) -

مستقبل کی گردان - یازہ جغی (جوکہ وُہ لکھیگا) یازہ جقلر - (جوکہ وُہ لکھینگے) یازہ جغک (جوکہ تو لکھیگا) یازہ جغکز (جوکہ تم لکھوگے) یازہ جغم (جوکہ میں لکھونگا) یازہ جغمز (جوکہ ہم لکھینگے) - بیلہ جگی (جوکہ وُہ جانیگا

بیلہ جکلری (جوکہ وُہ جانینگے) بیلہ جکگ (جوکہ تُوجانے گا) بیلہ جکگز (جوکہ تم جانوگے) بیلہ جکم (جوکہ مَیں جانونگا) بیلہ جکمز (جوکہ ہم جانینگے)۔

فصل ۱۵۔ صیغہ حال ترکیبی

اِس صیغہ سے فاعِل فعل کی حالت معلوم ہوتی ہے۔ اور فعل التزامی کے مفرد غایب پر رک (اگر مصدر خفیف ہو) اور رق (اگر مصدر ثقیل ہو)۔ لگانے سے پیدا ہوتا ہے۔ جیسے کولمک (ہنسنا) سے کولہ (ہنستے ہُوئے) چنانچہ کہتے ہیں۔ سعید کولہ رک کیتدی و فرید اوقویہ رق کلدی (سعید ہنستا ہُوا گیا اور فرید پڑھتا ہُوا آیا) کبھی صرف صیغہ کو دوبارہ لاتے ہیں اور علامت رک یا رق نہیں پڑھاتے جیسے دوشہ قالقہ کلدی (جو اصل میں دوشہ رک قالقہ رق کلدی تھا) یعنے گرتا پڑتا آیا۔ اسی طرح قوشہ قوشہ کلدی (ہنکاتا ہُوا آیا) کولہ کولہ کیتدی (ہنستا ہُوا گیا) کبھی صرف ایکن بڑھانے سے یہی فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ جیسے سن گزیبودایکن بن چالیشیور ایدم (جبکہ تو سیر کر رہا تھا مَیں محنت کر رہا تھا) سن کلیور ایکن بن کید یور ایدم (جبکہ تو آرہا تھا مَیں جارہا تھا)۔

مصدر پر سزین بڑھانے سے حال کی نفی حاصل ہوتی ہے۔ جیسے:۔
المقسزین گیتدم (بلا لئے میں چلا گیا)۔

فصل ۱۶۔ صیغہ ہائے ربط

یہ صیغے ایک جُملہ کو دُوسرے جملہ سے ملاتے ہیں۔ تعداد میں پانچ ہیں:۔
عطفیہ۔ توقیتیہ۔ تعقیبیہ۔ انتہائیہ۔ ابتدائیہ۔

(۱) **بحث عطفیہ** ۔ مادۂ اصلی پر اگر اُس کے آخر میں حرف صحیح ہو تو وب اور اگر حرفِ املا ہو تو یوب لگانے سے بنتا ہے ۔ مثلاً گلمک سے گلوب ۔ استعمال کی مثالیں ۔ کلوب کیتدی (وُہ آیا اور گیا) کلوب کیدر (وُہ آتا اور جاتا ہے) کلوب کیدہ جک (وُہ آئے گا اور جائیگا) ۔

(۲) **بحث توقیتیہ** ۔ ماضی شہودی کے صیغہ جمع متکلم پر جہ لگانے سے بنتا ہے جیسے ایتمک (کرنا) ، سے ایتدیکجہ ۔ استعمال کی مثالیں :۔

سن بویلہ درسہ دوام ایتدکجہ علومدہ ترقی ایدرسک (تو جب تک اِس طرح سبق لیتا رہیگا ترقی کریگا) سن رعایتلی اولدقجہ ہر ایشدہ موفق اولورسک (جب تک تو رعایت کرتا رہیگا ہر کام میں توفیق پائیگا) سن درسہ چالشدقجہ ہرکسی سنی سور (جب تک تو سبق پر محنت کرتا رہیگا ہر شخص تجھ سے محبت کریگا) کبھی مادام کو بھی اس مطلب کے لئے استعمال کرتے ہیں ۔ جیسے مادام کہ نیتکز خالصدر موفق اولورسکز (جب تک تمہاری نیت خالص رہیگی توفیق پاؤگے) کبھی جہ کو دہ سے بدلتے ہیں تو اس سے وقت کے معنے حاصل ہوتے ہیں ۔ جیسے سودکدہ (اسوقت کہ میں اُس سے محبت کروں) ۔

(۳) **بحث تعقیبیہ** ۔ مادۂ اصلی پر یجک بڑھانے سے بنتا ہے جیسے گلیجک (آنے کے بعد) لیکن یہ صیغہ اب بہت کم مستعمل ہے ۔

(۴) **بحث انتہائیہ** ۔ مادۂ اصلی پر نجہ بڑھانے سے بنتا ہے اور فعل کی انتہا کو ظاہر کرتا ہے ۔ جیسے یازنجہ (جب وُہ لکھ چکا) لیکن اگر مادہ کا آخری حرف حرفِ املا ہے تو ینجہ بڑھاتے ہیں جیسے باشلاینجہ (جب وُہ شروع کرچکا) استعمال کی مثالیں :۔ افندی بونی دینجہ کمسہ نک سویلیہ جکی قالمدی (آفندی نے جب یہ کہا تو کسی کو کوئی کہنے کی بات نہیں رہی) سن بویلہ دینجہ

بزہ دیہ جک ھرسوزقالمز (جب تونے یہ کہا تو ہمیں تجھ سے کچھ کہنا باقی نہ رہا)۔
کبھی یہ دک یا یہ قدر بڑھانے سے بھی یہ مطلب حاصل ہوتا ہے۔
جیسے کلینجہ یہ دک بکلرم (جب تک وہ آئے انتظار کرتا ہوں) یانجہ یہ قدر (جب تک وُہ لکھ چکے) کبھی یہ صیغہ صیغہ تعقیبیہ کے معنے بھی دیتا ہے جیسے بن کلینجہ اوقالقوب کیتدی (جبکہ میں آیا وہ کھڑا ہوا اور چلا گیا)۔

(۵) **بحثِ ابتدائیہ**۔فعل التزامی کے صیغہ مفرد غائب پر لی بڑھانے سے بنتا ہے۔ اور وقوع فعل سے تکلم کے زمانہ تک فعل کے متواتر ہوتے رہنے کو ظاہر کرتا ہے۔ جیسے بن گیرہ لی برکون کچکمدم (جیسے کہ میں اندر میں) داخل ہوا ہوں ایک دن بھی پیچھے نہیں رہا) کبھی لی پر دنبرو کو بڑھاتے ہیں جیسے باشلایہ لید نبرو (جیسے کہ اُس نے شروع کیا) یعنے شروع کرنے کے وقت سے لیکر۔

فصل ۱۷۔صیغہ تاکیدیہ

یہ صیغہ فعل التزامی کے صیغہ مفرد غائب کو مکرّر لانے سے بنتا ہے جیسے یازہ یازہ اوگوندم میں لکھتے لکھتے سیکھ گیا۔

فصل ۱۸۔صیغہ الوصل و الانتقال

جس کلمہ پر ایسہ دہ بڑھاتے ہیں تو یہ صیغہ بنجاتا ہے اور اس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ پہلے جملہ میں بات بیان کی گئی ہے اسکا ثمرہ کچھ حاصل نہیں ہوا۔ جیسے چند دفعہ یازلمش ایسہ دہ برجواب ثواب النہ مدی (اگرچہ کئی مرتبہ لکھا گیا لیکن ایک جواب باصواب نہیں آیا)۔

فصل ۱۹ - اسم فاعل

مادہ مصدر پر (اگر خفیف ہو تو) ن اور (اگر ثقیل ہو تو) ان لگانے سے اسم فاعل بنتا ہے۔ اور اگر مادہ مصدر کا حرف اخیر حرفِ علت ہو تو ی اور بڑھانی پڑتی ہے۔ جیسے ویرمک (دینا) سے ویرن (دینے والا) باشلامق (شروع کرنا) سے باشلایان (شروع کرنے والا)۔

اسم فاعل کو منفی کرنا ہو تو م بڑھاتے ہیں۔ جیسے دیرمین (نہ دینے والا) باشلامیان (نہ شروع کرنے والا)۔

جی اور چی کے بڑھانے سے بھی اسم فاعل بنتا ہے۔ لیکن اس صورت میں عموماً پیشہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔ جیسے سوتچی (شیر فروش) اتمکجی (نانبائی) دمیرجی (لوہار) آرایجی (تلاش کرنے والا)۔

اسم فاعل کا مبالغہ اس طرح بنتا ہے کہ مادہ اصل پر اگر مصدر خفیف ہو تو کن اور کیجی اور اگر مصدر ثقیل ہو تو غان اور غیجی بڑھائیں جیسے چکشکن (بڑا کھینچنے والا) بیلیکیجی (بڑا جاننے والا) اوتانغان (بڑا حیا والا) طانغیجی (بڑا جاننے والا) لیکن اگر مادہ اصلی کے آخر میں ت یا ش ہو تو غ ق سے بدلجاتا ہے جیسے صریتقان (مسکرانیوالا) چالشقان (کوشش کرنے والا)۔

فصل ۲۰ - اسم مفعول

اِس کا قاعدہ بھی مثل اسم فاعل کے قاعدہ کے ہے۔ فرق صرف اتنا ہے کہ وُہ مصدر معروف سے بنتا ہے اور یہ مصدر مجہول سے۔ جیسے:-

سویلمک (محبت کیے جانا) سے سویلن (محبت کیا گیا) سویلیان (محبت

کیا گیا) الملک (لینا) سے النان (لیا گیا) آلمنیان (نہ لیا گیا)۔

کبھی ماضی نقلی کے مجہول کا پہلا صیغہ بھی اس معنی میں مستعمل ہوتا ہے۔ جیسے یازلمش (لکھا گیا)، بیلنمش (جانا گیا)۔

کبھی مصدر تخفیفی بھی اس کام آتا ہے جیسے یازمہ کتاب (لکھی ہوئی کتاب) باصمہ کتاب (چھپی ہوئی کتاب)۔

فصل ۲۱ صِفتِ مُشبّہ

صِفتِ مشبّہ کا کوئی قیاسی قاعدہ نہیں۔ عام قاعدہ یہ ہے کہ مادہ اصلی پر کین یا کون (اور اگر مصدر ثقیل ہو تو) غین یا غون بڑھانے سے یہ صیغہ بنجاتا ہے۔ جیسے پیشکین (پکا ہوا) دوشکون (گرا ہوا) طالغین (فکر میں ڈوبا ہوا) یورغون (تھکا ہوا)۔

کبھی حرف ک یا ق کے بڑھانے سے یہ مطلب حاصل ہوتا ہے۔ جیسے کسک (کاٹنے والا) یانق (جلانے والا)۔

فصل ۲۲۔ اسم آلہ

اسم آلہ کا بھی کوئی قیاسی قاعدہ نہیں۔ عموماً کی یا کو اور مصادر ثقیلہ میں غی یا غو لگانے سے یہ صیغہ بنتا ہے۔ جیسے سوزکو (چھلنی یا صافی چیز کی (جس چیز سے نشان لگایا جائے) چالغی (جس چیز سے مارا جائے جیسے لاٹھی) بورغو (برما)۔

باب چہارم

حروف کا بیان

علاوہ ان حروف کے جو محض ترکی الاصل ہیں۔ فارسی اور عربی زبان کے حروف بھی اس زبان میں مستعمل ہیں۔ لیکن ذیل کی فصلوں میں صرف اُن حروف کا بیان کیا جاتا ہے جو محض ترکی الاصل ہیں۔

فصل ۱۔ حرفِ استفہام

ترکی حرف استفہام مِی افعال اور اسما دونو میں مستعمل ہے۔ اور عموماً کلمہ کے آخر میں آتا ہے۔ جیسے یازمامق (نہ لکھنا) یازمامِقمی (کیا نہ لکھا) گلمک لازمدر (آنا لازم ہے) گلمک لازم می دِر (کیا آنا لازم ہے)۔

ماضی معروف میں یہ حرف ہمیشہ ضمائر نسبیہ کے بعد میں آتا ہے۔ جیسے:۔ یازدیمی (کیا اس نے لکھا) یازدیلرمی (کیا اُنہوں نے لکھا) یازدکمی (کیا تو نے لکھا) یازدکزمی (کیا تم نے لکھا) یازدممی (کیا میں نے لکھا) یازدقمی (کیا ہم نے لکھا)۔

لیکن اور افعال میں یہ حرف ضمائر نسبیہ سے پہلے آتا ہے جیسے مضارع کی گردان میں:۔ یازادمی (کیا وہ لکھے) یازارلرمی (کیا وہ لکھیں) یازارمیسک (کیا تو لکھے) یازارمیسکز (کیا تم لکھو) یازارمی یم (کیا میں لکھوں) یازارمی یز

(کیا ہم لکھیں گے)۔

فصل ۲- حروفِ جر

اُردو زبان کی طرح تُرکی زبان میں بھی حروفِ جر کلمہ سے پیچھے آتے ہیں جیسے دہ (میں)، ایودہ (گھر میں) دک (تک) اورمنہ دک (جنگل تک) میں زیادہ مستعمل حروف حسبِ ذیل ہیں:۔

اوزرہ (پر) جیسے بالش اوزرہ (سر پر)۔

قارشو (مقابل) جیسے لبکا قارشو (میرے مقابل)۔

یقین (پاس) جیسے ایونہ یقین (گھر کے قریب)۔

اوزاق (دُور) جیسے دوستلرندن اوزاق (دوستوں سے دُور)۔

اول (پہلے) جیسے برآیدن اول (ایک ماہ پہلے)۔

اوترو یا اوتری (متعلق) جیسے بوندان اوترو (اس کے متعلق)۔

صکرہ (پیچھے یا بعد) جیسے گل ہندن صکرہ (میرے پیچھے آ)۔

بری (سے) جیسے ایکی آیدن بری (دو ماہ سے)۔

اوتہ (پرے) جیسے داغلردن اوتہ (پہاڑوں سے پرے)۔

ارا (درمیان) ارد (پیچھے) ایلری (پہلے) ایچ (میں)۔

ایچری (اندر) یر (بجائے) یان (پاس) طشرہ (باہر)۔

